© rasailojaraid.com

حکیم عبد الحمید صاحب اور ان کے احباب نے "ادارۂ اصلاح نوجوانان" کے نام سے ایک انجمن قائم کی تھی جو اب سیالکوٹ منتقل ہوگئی ہے اس ادارہ کا مقصد یہ ہے کہ مسلمان نوجوانوں کو عموماً اور کالجوں میں تعلیم پانے والے مسموم نوجوانوں کو خصوصاً تاریخ اسلام و دین اسلام سے آگاہ اور صحیح اسلامی ذہنیت سے آشنا کیا جائے۔ چنانچہ اس غرض سے حکیم صاحب نے درس قرآن و دعوت اسلام و تقابل ادیان کی تعلیم و تدریس کا اہتمام کیا ہے اور اسی سلسلہ میں افادۂ عام کی غرض سے مندرجۂ ذیل رسائل شائع کئے ہیں۔ مذہب، معیار مذہب، دعوت عمل۔ اخلاق نبوی۔ الاسلام، صداقت اسلام۔ یہ تمام رسالے مفید مضامین پر مشتمل ہیں۔ جو اصحاب مطالعہ کرنا چاہیں چار آنے کے ٹکٹ بھیج کر طلب فرمالیں۔

**قاسم العلوم** | مرتب:- مولوی عتیق احمد صاحب صدیقی حجم ۳۲ صفحات قیمت سالانہ عـہ رعایتی قیمت عـہ دفتر قاسم العلوم دار العلوم دیوبند، ضلع سہارنپور۔

دار العلوم دیوبند سے ایک زمانے میں "القاسم" اور "الرشید" نامی رسالے نکلتے تھے "القاسم" بھی زمانہ دراز تک علم کی خدمت انجام دیتا رہا ہے۔ اب ان رسالوں کی جگہ "قاسم العلوم" نے لی ہے۔ دو نمبر ہماری نظر سے گذر چکے ہیں۔

ضرورت تھی کہ دار العلوم دیوبند سے ایسا رسالہ جاری ہوتا جو نہ صرف اس کے علوم و معارف کا حامل ہوتا بلکہ بحالات موجودہ علمی حیثیت سے مسلمانان ہند کی رہنمائی کا فرض بھی انجام دیتا۔ قاسم العلوم کے لائق مرتب کی خدمت میں ہمارا مخلصانہ مشورہ ہے کہ وہ رسالہ کو بہتر سے بہتر اور بلند سے بلند بنانے کی کوشش کریں کہ حضرت قاسم العلوم علیہ الرحمۃ کی مناسبت، اور دار العلوم کی شاندار علمی روایات کا یہی اقتضا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ اتنی کم قیمت میں زیادہ ضخامت اور بلند معیار کا رسالہ طیار نہیں ہو سکتا۔ لیکن کیا ضرورت ہے کہ رسالہ کو عام پسند بنانے کے لئے اپنے معیار کو پست کیا جائے آج کل عام پسندی تو فلمی اور افسانوی رسالوں کے حصہ میں آچکی ہے۔ ہمیں امید ہے کہ ہمارا مخلصانہ مشورہ درخور اعتنا ہوگا۔

© rasailojaraid.com